# محمد اقبؔال



(1877-1938)

اقبؔال کا شمار اردو کے بلند مرتبہ شاعروں میں ہوتا ہے۔ وہ سیالکوٹ، (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ چرچ مشن اسکول میں ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم۔اے کیا۔ انگلستان سے بیرسٹری اور جرمنی سے پی ایچ ڈی کی سند حاصل کی۔

اقبال کی شاعری میں فکر و خیال کی گہرائی ملتی ہے انھیں فلسفی شاعر کہا جاتا ہے۔ انھوں نے وطن سے محبّت اور بچّوں سے متعلق بہت سی اچھّی نظمیں کہی ہیں۔ اقبال نے اپنی نظموں کے ذریعے بچّوں کو سچّائی، محبّت، انصاف، ہمدردی، مل جل کر رہنے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کا پیغام دیا ہے۔ ’ترانۂ ہندی‘، ’پہاڑ اور گلہری‘، ’جگنو‘، ’ہمدردی‘، ’پرندے کی فریاد‘ اور ’ماں کا خواب‘ وغیرہ ان کی مشہور نظمیں ہیں۔

اقبال کی شاعری میں حرکت و عمل اور انسان دوستی کا پیغام ملتا ہے۔ ’بانگِ درا‘ اور ’بالِ جبرئیل‘ ان کی اردو شاعری کے اہم مجموعے ہیں۔ ان کے کلام کا ترجمہ دنیا کی مختلف زبانوں میں ہو چکا ہے۔

© NCERT not to be republished

# پَرندے کی فریاد


آتا ہے یاد مجکو گُزرا ہوا زمانا
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا

آزادیاں کہاں وہ ، اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا ، اپنی خوشی سے جانا

لگتی ہے چوٹ دِل پر آتا ہے یاد جِس دَم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مسکرانا

وہ پیاری پیاری صورت، وہ کامنی سی مورت
آباد جس کے دَم سے تھا میرا آشیانا


آتیں نہیں صدائیں اُس کی مِرے قفس میں
ہوتی مِری رِہائی اے کاش میرے بس میں



© NCERT not to be republished

کیا بدنصیب ہوں میں گھر کو ترس رہا ہوں — ساتھی تو ہیں وطن میں، مَیں قید میں پڑا ہوں
آئی بہار کلیاں پھولوں کی ہنس رہی ہیں — میں اس اندھیرے گھر میں قسمت کو رو رہا ہوں
اِس قید کا اِلٰہی دُکھڑا کِسے سناؤں
ڈر ہے یہیں قفَس میں، مَیں غم سے مر نہ جاؤں
جب سے چمن چھُٹا ہے یہ حال ہوگیا ہے — دِل غم کو کھا رہا ہے، غم دل کو کھا رہا ہے
گانا اِسے سمجھ کر خوش ہوں نہ سننے والے — دُکھّے ہوئے دِلوں کی فریاد یہ صَدا ہے
آزاد مجکو کردے او قید کرنے والے
میں بے زباں ہوں قیدی، تُو چھوڑ کر دُعا لے

(محمد اقبالؔ)



© NCERT not to be republished

# مشق

## i۔ معنی یاد کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| فریاد | : | دُہائی |
| دَم | : | وقت، وجہ |
| شبنم | : | اوس |
| کامنی | : | ایک پھول کا نام، حسین اور نازک |
| آشیانا/ آشیانہ | : | گھونسلا |
| صَدا | : | آواز |
| قفس | : | پنجرہ |
| کاش | : | کیا ہی اچھّا ہو، خدا کرے |
| چمن | : | باغ |

## ii۔ سوچیے اور بتایئے

1۔ پرندے کو گزرا ہوا زمانہ کیوں یاد آ رہا ہے؟

2۔ پرندہ جب آزاد تھا تو اس کی زندگی کیسی تھی؟

3۔ ''لگتی ہے چوٹ دِل پر آتا ہے یاد جِس دَم'' اس مصرعے میں چوٹ لگنے سے کیا مراد ہے؟



© NCERT not to be republished

4۔ پرندے نے اپنے آپ کو بدنصیب کیوں کہا ہے؟

5۔ پرندہ کیا فریاد کر رہا ہے؟

© NCERT not to be republished